## باب 13

# آوازیں اور آلات



گریڈ 3 میں ہم نے تالیاں، چٹکیاں اور پیر سے تھاپ دے کر دھن کے پیٹرن تیار کرنا سیکھا تھا۔ آیئے اب یہ سیکھیں کہ ہم اپنے جسم کو اور کس طرح استعمال کر کے تال کی آوازیں اور دھن کے پیٹرن بنا سکتے ہیں۔ اس کے بعد موسیقی کے سازوں کی آوازیں دریافت کریں۔

ہم اپنے جذبات کے اظہار کے لیے جسمانی حرکات و سکنات اور اشاروں کا استعمال کیسے کرتے ہیں؟

تالیاں



چٹکی



پیر پٹخ کر





اس سرگرمی کو سیکھیں اور پھر دیکھیں کہ کیا آپ اپنی طرف سے کچھ اور حرکات بھی شامل کر سکتے ہیں۔

4437CH13

© NCERT not to be republished

## سرگرمی 13.1 اگر تم خوش ہو اور تمھیں ہو احساس

گر تم خوش ہو اور تمھیں ہو احساس، تو تالیاں بجاؤ
اگر تم خوش ہو اور تمھیں ہو احساس
اور تم واقعی کرنا چاہو اظہار
اگر تم خوش ہو اور تمھیں ہو احساس، تو تالیاں بجاؤ

اگر تم خوش ہو اور تمھیں ہو احساس، تو پاؤں پٹکو (تھاپ)...
اگر تم خوش ہو اور تمھیں ہو احساس
اور تم واقعی کرنا چاہو اظہار
اگر تم خوش ہو اور تمھیں ہو احساس، تو پاؤں پٹکو

اگر تم خوش ہو اور تمھیں ہو احساس، تو کہو ہُرے! (ہُرے!)...
اگر تم خوش ہو اور تمھیں ہو احساس
اور تم واقعی کرنا چاہو اظہار
اگر تم خوش ہو اور تمھیں ہو احساس، تو کہو ہُرے! (ہُرے!)

اگر تم خوش ہو اور تمھیں ہو احساس، تو تینوں کرو (ہُرے!)...
اگر تم خوش ہو اور تمھیں ہو احساس
اور تم واقعی کرنا چاہو اظہار
اگر تم خوش ہو اور تمھیں ہو احساس، تو تینوں کرو (ہُرے!)

جب بھی خوش ہو، آپ بجاؤ تالی (2)
جب بھی خوش ہو، اب بنے گی ہر بات
جب بھی خوش ہو، آپ بجاؤ تالی
جب بھی خوش ہو، آپ کر لو ڈانس (2)
جب بھی خوش ہو، اب بنے گی ہر بات
جب بھی خوش ہو، آپ کر لو
ڈانس، ڈانس، ڈانس!
جب بھی خوش ہو، آپ بولو ہُرے (2)
جب بھی خوش ہو، اب تو بنے گی ہر بات
جب بھی خوش ہو، آپ بولو ہُرے!
اب خوش ہو، آپ بجاؤ تالی — ہُرے!
اب خوش ہو، آپ کر لو ڈانس — ہُرے!
جب بھی خوش ہو، اب تو بنے گی ہر بات
جب بھی خوش ہو، آپ بولو ہُرے!



**نوٹ:** کیا آپ اس گانے کے بول اپنی زبان میں لکھ سکتے ہیں؟ اپنے دوستوں کے ساتھ مل کر اسے لکھیں اور پھر مل کر گائیں۔

© NCERT not to be republished

## سرگرمی 13.2 بغیر لبادہ کے سپر ہیروز





موسیقار: دی تھائر سادھم پروجیکٹ
(بندو سبرامنیم، امبی سبرامنیم، مہیش راگھون، اکشے اے)


کامک بُکس اورویڈیو گیمز میں
سپر ہیروزاُڑتےہیں فضا میں
سچ بتاؤ، لبادہ کس کو چاہیے؟
آئیے مل کر بچائیں دن کو!

پا، دھا پا دھا، سادھا سا، رے سا رے، گارے
پا، دھا پا دھا، سادھا سا، رے سا رے، گارے
تا کا دھی می تم، تا کا دھی می تم، تا کا دھی می تم

پلاسٹک کا استعمال نہ کریں، بچوں کو کچھ سکھائیں،
نیکی پر خوش ہو جائیں
کھانا ضائع نہ کریں، کھاد بنائیں،
اور بھی بہت کچھ ہے جو آپ کرسکتے ہیں!







پا، دھا پا دھا، سادھا سا، رے سا رے، گارے
پا، دھا پا دھا، سادھا سا، رے سا رے، گارے
تا کا دھی می تم، تا کا دھی می تم، تا کا دھی می تم

گیت کا لنک: *https://tinyurl.com/Superheroes-without-Capes*

© NCERT not to be republished

## موسیقی کے آلات کی اقسام

ہر آواز کسی نہ کسی چیز کے ارتعاش سے پیدا ہوتی ہے۔ جب کوئی چیز ہلتی یا لرزتی ہے، تو وہ آواز کی لہریں بناتی ہے جو ہوا یا پانی کے ذریعے ہمارے کانوں تک پہنچتی ہیں۔

موسیقی کے سازوں کو مختلف اقسام میں تقسیم کیا جاتا ہے اس بنیاد پر کہ ان کے کس حصے کے ارتعاش سے آواز پیدا ہوتی ہے۔ یہ اس لیے اہم ہے کیوں کہ اس سے ہمیں آلۂ موسیقی کو بہتر سمجھنے اور یہ جاننے میں مدد ملتی ہے کہ اسے کیسے بجایا جاتا ہے۔

موسیقی کے ساز کی چار بنیادی اقسام ہوتی ہیں، جو درج ذیل ہیں:

| زمرہ | ارتعاش کا حصہ | سنسکرت نام | مثال |
|---|---|---|---|
| تار والے ساز | تار | تت وادیہ | ستار  |
| ہوا والے ساز | ایک ٹیوب میں ہوا | سُشیر وادیہ | بانسری  |
| کھینچنے والے ساز | کھنچتی ہوئی جھلی | آوَندھ وادیہ | طبلہ  |
| مضبوط ساز | شے (Object) | گھن وادیہ | منجیرہ  |

© NCERT not to be republished

### کیا آپ جانتے ہیں؟

موسیقی کے ساز کی درجہ بندی کا یہ نظام بھارت میں وجود میں آیا۔ ان چار اقسام کا سب سے پہلے ناٹیہ شاستر میں ذکر کیا گیا جو کہ بھرتَ مُنی نے تقریباً 2500 سال پہلے لکھی تھی۔ دنیا بھر کے تمام موسیقی کے ساز عموماً ان میں سے کسی ایک قسم میں آتے ہیں۔

## سرگرمی 13.3

### یہ کیسی آواز ہے؟

موسیقی کے ساز کی آوازیں مختلف ہوتی ہیں کیونکہ یہ مختلف مواد سے بنے ہوتے ہیں اور انھیں بجانے کا طریقہ بھی مختلف ہوتا ہے۔ کیا آپ صرف آواز سن کر موسیقی کے ساز کو پہچان سکتے ہیں؟

**استاد کے لیے نوٹ**

مختلف موسیقی کے ساز کی آوازیں سنائیں اور طلبا کی مدد کریں کہ وہ عام بھارتی موسیقی کے ساز کی آوازوں کو پہچان سکیں۔

## سرگرمی 13.4

### موسیقی کے ساز کی درجہ بندی

اب جب کہ آپ موسیقی کے سازوں کی مختلف اقسام کے بارے میں جان چکے ہیں تو آپ تصویر دیکھ کر آسانی سے پہچان سکتے ہیں کہ وہ ساز کس قسم سے تعلق رکھتا ہے۔

موسیقی کے سازوں کو اس کی قسم سے ملائیں۔

تار والے ساز



ہوا والے ساز



کھنچنے والے ساز



مضبوط ساز



© NCERT not to be republished

## سرگرمی 13.5 موسیقی کے سازوں کا مشاہدہ

کیا آپ موسیقی کے ان مختلف سازوں کے نام بتا سکتے ہیں جنھیں آپ جانتے ہیں؟



- کلاس میں موسیقی کا ایک ساز لے کر آئیں۔
- اس کی شکل، جسامت اور رنگ کا مشاہدہ کریں۔
- کیا اس ساز پر کوئی سجاوٹی نقش و نگار یا رنگ و روغن کیا گیا ہے؟ کیا اس پر کوئی لیبل لگا ہے جو اس کے بننے کی جگہ یا بنانے والے کا نام بتاتا ہو؟
- آلے کو نرمی سے چھوئیں اور محسوس کریں۔ اس کے حصوں کو اپنے الفاظ میں بیان کریں۔
- اس ساز کی کوئی آڈیو یا ویڈیو ریکارڈنگ تلاش کریں جس میں اسے بجایا جا رہا ہو اور اس کی آواز کو غور سے سنیں۔

موسیقی کے ساز کا خاکہ بنائیے

© NCERT not to be republished

## سرگرمی 13.6 اپنا موسیقی کا ساز خود بنائیں



2 آئس کریم اسٹک



2 ربر بینڈ




1 لمبی کاغذ کی پٹی



1 ٹوتھ پک

### مطلوبہ اشیا



- آئس کریم اسٹک کی شکل میں کاغذ کی ایک پٹی کی شکل بنائیں اور اسے کاٹیں۔
- اسے ایک آئس کریم اسٹک کے اوپر رکھیں۔
- ایک اور آئس کریم اسٹک اس کے نیچے رکھیں اور ایک طرف سے ربر بینڈ کی مدد سے اسے باندھ دیں۔
- جب یہ مکمل ہو جائے تو ایک ٹوتھ پک کو آدھا توڑیں اور اس کا ایک ٹکڑا اُن اسٹک کے درمیان اس جگہ ڈالیں جو ربر بینڈ سے بندھی ہوئی ہو۔
- ٹوتھ پک کے دوسرے سرے کو اسٹک کے کھلے سرے پر رکھیں۔ پھر اسے دوسرے ربر بینڈ کی مدد سے دوبارہ باندھ دیں۔



اگر آپ نے دونوں اسٹک کے درمیان تھوڑا سا فاصلہ چھوڑا ہے تو آپ کی ہارمونیکا تیار ہے۔ اسٹک کو اپنے منہ کے ساتھ رکھیں اور ہوا کو باہر پھونکیں یا اندر کھینچیں جب تک کہ آپ آواز نہ سن لیں۔

© NCERT not to be republished

| جائزہ — باب 13: آوازیں اور ساز | | | |
|---|---|---|---|
| لیاقتیں | آموزشی ماحصل | استاد | طالب علم |
| سی-3.1 | دستیاب اشیا کی مدد سے ایک سادہ موسیقی کا ساز بنانے کی صلاحیت رکھنا | | |
| سی-3.1 | گانے کو خوب صورت بنانے کے لیے تخلیقی انداز میں جسمانی ضرب کا استعمال کرنا | | |
| سی-4.2 | موسیقی کے ساز کی درجہ بندی کے اصول کو سمجھنا | | |
| سی-3.1 | دستیاب اشیا کے ذریعے گانے کے ساتھ دھن ملانے کی صلاحیت رکھنا | | |

© NCERT not to be republished

طالب علم کے اوصاف کے بارے میں استاد کے تاثرات ______________________

طالب علم کی کمیوں کے بارے میں استاد کے تاثرات ______________________

کوئی اور مشاہدہ ______________________

## تکمیلی جائزہ

| | تکمیلی جائزے کی مثالیں | تکمیلی جائزہ کا معیار |
|---|---|---|
| انفرادی | • طلبا سے کہا جائے کہ وہ دیے گئے موضوع پر ایک گیت کا انتخاب کریں اور پیش کریں۔<br>• طلبا سے کہا جائے کہ وہ کوئی موسیقی کا ٹکڑا سنیں اور اسے الفاظ یا آرٹ کے ذریعے بیان کریں۔<br>• طلبا سے کہا جائے کہ وہ ایک سادہ کلاسیکی بندش پیش کریں، ساتھ میں آروہ اور اوروہ بیان کریں اور تال کا خیال رکھیں۔ | • مناسب انتخاب کرنے اور سر و تال میں روانی سے گانے کی صلاحیت۔<br>• برجستگی<br>• مسلسل سننا، تخلیقی صلاحیت، اور اظہار<br>• راگ کو صحیح سُر اور صحیح تال کے ساتھ گانے کی صلاحیت۔ |
| اجتماعی | • جسمانی ضرب اور دستیاب اشیا کا استعمال کرتے ہوئے ایک آواز کا منظر تخلیق کریں۔ | • تخلیقی خیالات، ہم آہنگی، گروپ میں کام اور جوش و جذبہ |

© NCERT not to be republished



not to be republished